# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

(ایک مرکزی یونیورسٹی)

NAAC کے ذریعہ تصدیق کردہ ‘’A+‘‘ گریڈ یونیورسٹی


ویزیٹر

**شریمتی دروپدی مرمو**

عزت مآب صدر جمہوریہ ہند

چانسلر

**شری ممتاز علی**

وائس چانسلر

**پروفیسر سید عین الحسن**

رجسٹرار

**پروفیسر شیخ اشتیاق احمد**

ڈائرکٹر

**پروفیسر محمد رضا اللہ خان**

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم




پروفیسر سید عین الحسن (شیخ الجامعہ، مانو)

شری ممتاز علی (چانسلر، مانو)

کا استقبال کرتے ہوئے

## تدریس اور امتحان کا میڈیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایکٹ 1996 کے ضوابط کے مطابق یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔یونیورسٹی ایکٹ کے تحت وضع کردہ اور گزٹ آف انڈیا میں اعلامیہ MANUU/Admin.I/F.I/2006-07/716مورخہ 07 اپریل 2005 کے ذریعے اعلان کیے گئے تعلیمی آرڈیننس (3) کے مطابق:

" تمام امتحانات کے سوالیہ پرچوں کی تیاری اور ان کے جوابات اردو زبان میں دیے جائیں گے، البتہ زبانوں کے تمام امتحانات کے سوالیہ پرچوں کی تیاری اور ان کے جوابات متعلقہ زبانوں میں ہوں گے"۔

مذکورہ بالا آرڈیننس اور قانونی ضوابط کی روشنی میں یہاں اس بات کو واضح کیا جاتا ہے کہ عربی، ہندی، انگریزی اور فارسی جیسی زبانوں کے سوا دیگر تمام مضامین کے سوالیہ پرچے اردو میں ہوں گے اور طلبا کو جوابات بھی اردو ہی میں لکھنے ہوں گے۔ اگر کوئی طالب علم اردو میں جوابات نہیں لکھتا ہے تو اسے کوئی نمبر نہیں دیے جائیں گے۔

# شیخ الجامعہ کے قلم سے

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے میرا یہ ایقان ہے کہ اردو زبان میں تعلیم کے ذریعے بین علومی تحقیق، اختراعات وایجادات، اور جامع سماجی ترقی میں کمال حاصل کیا جاسکتا ہے۔ میں ایک ایسے مستقبل کا خواب دیکھتا ہوں جب ہمارے طلبا علم، ہمدردی، اور قوت ارادی کے ساتھ اس دنیا کی رہنمائی اور اپنی بصیرت سے اس کو مثبت تبدیلی اور لامحدود مواقع سے مالا مال کرسکتے ہیں۔

آج ہم 27 برس کی تکمیل کے اس موڑ پر کھڑے ہیں، اور اس علمی ماحول کی تخلیق کے لیے، میرے پاس اگلے 10 سالوں کے لیے ایک وژن ہے: یونیورسٹی کی انتظامیہ میں تجربہ کار افراد کو شامل کرنا، اختیارات و ذمہ داریوں کو غیر مرکوز کرنا اور کام کے معیار کو بلند کرنا اس وژن کے اہم عوامل جن کے ذریعے ہم بہتر حکمرانی کا ایک مثالی نمونہ فروغ دے سکتے ہیں۔ یہ تصور تاثیر، مسابقت، آزادی، اور خود کفالت کے نظریات سے بھی مطابقت رکھتا ہے تاکہ یونیورسٹی کو جن مسائل کا سامنا ہے ان کو حل کرنے کے لیے تمام وابستگان جامعہ کی بنیادی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قابل عمل حل تیار کیے جاسکیں۔

یونیورسٹی نے صحت مند تعلیمی ماحول کے عصری تقاضوں کی تکمیل کے لیے، قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی روشنی میں تازہ تصورات کے نفاذ کے سلسلے میں کچھ اہم فیصلے کیے ہیں۔ غیر ملکی زبانوں کا تعارف ایک ایسا خیال ہے جس کے لیے اردو زبان ترجمہ اور ترجمانی کے میدان میں بہترین کام کر سکتی ہے۔ بین علومی اور کثیر لسانی روایات کو فروغ دینے کے لیے کئی مضامین کو ایک ساتھ مربوط کرنے پر بھی کافی زور دیا گیا ہے۔ اس سے مختلف مضامین کے ارتباط اور سرحدوں کے پار بین ثقافتی تحقیق کی انجام دہی میں مدد ملے گی۔

ایک اور میدان جس میں ہم نے فروغ مہارت کے مختلف پروگراموں کا نفاذ کر کے طلبا کو پیشہ ورانہ طور پر با اختیار بنانے کی واضح حکمت عملی اختیار کی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اپنے علمی ماخذ کو برقرار رکھنے کے قابل ہوئے ہیں۔ نتیجتاً، کئی مضامین کو ریاست اور بیرون ریاست کے کئی اداروں اور طلبا میں غیر معمولی قبولیت اور حمایت حاصل ہو رہی ہے۔

چونکہ ہماری یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبا کا ایک بڑا طبقہ سماجی و معاشی طور پر پس ماندہ پس منظر کا حامل ہوتا ہے، اس لیے مدارس کے ساتھ باضابطہ اور ورچوئل دونوں ذرائع سے مضبوط روابط قائم کیے جارہے ہیں۔ یونیورسٹی ایکٹ کے بنیادی مقصد کے مطابق، جامعہ اب لڑکیوں کی بڑی تعداد کو ریگولر اور فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کی جانب بھی راغب کرنے میں کامیاب ہو رہا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یونیورسٹی نے ہر سطح پر رسائی حاصل کرلی ہے۔

تعلیم کے علاوہ خود یونیورسٹی کا ماحول دوست کیمپس یہاں کے اساتذہ اور طلبا کو اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ وہ تمام جانداروں کا احترام کریں اور ایک دوسرے کے لیے باعث رحمت بنیں۔

ان سب باتوں کے پیش نظر ہم توقع کرسکتے ہیں کہ یونیورسٹی کا مستقبل کافی روشن ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن
شیخ الجامعہ، مانو، حیدرآباد

# فہرست اندراجات


1۔ یونیورسٹی کا تعارف ........ 14
2۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (CDOE) کا تعارف ........ 15
3۔ ماسٹر آف بزنس ایڈ منسٹریشن (ایم بی اے) ........ 18
3.1 تعارف ........ 18
3.2 پروگرام کے مقاصد ........ 18
3.3 یو جی سی–ڈی ای بی (UGC-DEB) سے منظوری ........ 19
3.4 پروگرام کا دورانیہ ........ 19
3.5 ذریعۂ تعلیم ........ 19
3.6 سمسٹر نظام ........ 19
3.7 اہلیت ........ 19
3.8 نشستوں کی تعداد ........ 19
3.9 پروگرام کی فیس ........ 20
3.10 فیس میں ترمیم ........ 20
3.11 فیس کی واپسی کی پالیسی ........ 20
3.12 داخلہ کی منسوخی ........ 20
3.13 تدریسی نظام ........ 21
3.14 تعین قدر ........ 22
3.15 پروگرام کا خاکہ ........ 22
**Semester - I** ........ 22
**Semester - II** ........ 23

4۔ داخلہ کا طریقہ کار ........ 24

4.1 داخلہ امتحان ........ 24

4.2 داخلہ امتحان کے مراکز کی فہرست ........ 25

4.3 OMR شیٹ پُر کرنے کا طریقہ ........ 25

4.4 داخلہ امتحان کے لیے عمومی ہدایات ........ 29

4.5 نتائج کا اعلان اور داخلہ کا طریقۂ کار ........ 29

4.6 دستاویزات کی آن لائن تصدیق ........ 30

4.7 دستاویزات کی بالمشافہ تصدیق ........ 30

4.8 لرنر سپورٹ سینٹرز اور سمسٹر اختتامی امتحانی مراکز کی فہرست ........ 31

5۔ ایم بی اے (ODL) پروگرام کے لیے متوقع داخلہ شیڈول ........ 32

6۔ ریجنل سینٹرس اور سب ریجنل سینٹرس ........ 33

7۔ اکثر پوچھے جانے والے سوالات ........ 35

8۔ اسناد کے نمونہ فارمیٹس ........ 37

9۔ شکایات کے لیے رابطہ کریں اسٹوڈنٹ سپورٹ سروس یونٹ ........ 43

# یو جی سی-ڈی ای بی کا مراسلہ مورخہ 18.07.2025

**EXPERT COMMITTEE INTERFACE MEETING – ASSESSMENT FORMAT**

**ODL PROGRAMMES**

**HEI details**

| | |
|---|---|
| Name of HEI: | Maulana Azad National Urdu University |
| **State:** | Telangana |
| Year of establishment of HEI: | **Jan 1998** |
| Type of HEI: | State |
| Registration ID: | HEI-P-U-0023 |
| Date of submission of proposal on Portal: | 09-04-2025 |
| Whether the HEI is recognized by UGC as per UGC (Open and Distance Learning) Regulations, 2017 / UGC (Open and Distance Learning Programmes and Online Programmes) Regulations, 2020 | Yes<br>**UG:04**<br>**PG:06** |

**Proposed programme(s) details**

| | |
|---|---|
| **Total No. of Proposed Programme(s):** | 05 |
| Number of Proposed UG programmes: | Total:04<br>UG (Hons. programme(s) with 4 years duration): 03 |
| Number of Proposed PG programmes: | 01 |
| Number of Proposed Post Graduate Diploma programmes: | NIL |
| Number of Science based programmes: | NIL |

**Expert Committee Observations/Recommendations**

1. **Institutional level assessment:**

| Sr. No. | Provisions | Documentary evidence submitted (Yes/No) | Complied (C) / Not Complied (NC) |
|---|---|---|---|
| a. | HEI under 2(f) or Section 3 | Yes, Section 2(f) | Complied |
| b. | **For Dual Mode University:**<br>NAAC: NAAC score>=3.01; valid as on 10th November, 2024 **or**<br>NIRF: In top 100 university category at least once in two preceding cycles<br>**For Open University:**<br>NAAC: Any Valid NAAC score; valid as on 10th November, 2024 | Yes<br>**NAAC score** - 3.36<br>Valid upto 19.12.2027 | Complied |
| c. | Affidavit submitted:<br>Original (Hard copy)<br>In the prescribed format<br>Duly notarized<br>Duly signed (For Dual Mode Universities– VC/Registrar and Director CDOE) and (For Open Universities - VC and Registrar) | Yes<br>Yes<br>Yes<br>Yes | Complied |
| d. | Undertaking submitted:<br>Original<br>In the prescribed format<br>Duly signed ((For Dual Mode Universities– VC/Registrar and Director CDOE) and (For Open Universities – VC and Registrar) | Yes | Complied |
| e. | Appointment of Director/ Head of School(s)<br>**For Dual Mode University:** Centre of Distance and Online Education<br>Regular, full time, atleast Associate Professor<br>**For Open University:**<br>For Open University, Head for each school at Associate Professor level | Yes | Complied |
| f. | Availability of Administrative staff as per Regulations | Yes | Complied |
| g. | Territorial Jurisdiction as per UGC (ODL Programmes and Online Programmes) Regulations, 2020 based on TYPE of the HEI | Yes | Complied |
| h. | Built up area is adequate as per Regulations | Yes | Complied |
| i. | A copy of the application is displayed on HEI website | Yes | Complied |
| j. | **Only For Central/State/Private HEIs:**<br>Submission of Affidavit for offering UG, PG and PGD programmes falling under the discipline of Management, Computer Applications and Travel and Tourism:<br>Original (Hard copy)<br>In the prescribed format along with proposed programmes name<br>Duly notarized<br>Duly signed (For Dual Mode Universities– VC/Registrar and Director CDOE) and (For Open Universities - VC and Registrar) | NA | NA |

| | | | |
|---|---|---|---|
| k. | **For 4-year Bachelor's Degree (Hons.) programme:**<br>Approval of statutory body of HEI for offering the 4-year Bachelor's Degree (Hons.) programme, based on NEP recommendations | NA | NA |

2. **Programme Level Assessment**

1. **Proposed Programmes Name (other than Science programme(s))**

| **Assessment Points**<br><br>**Name of Programme(s) with Duration** | I.<br>**No. of Credits** | II.<br>**Programme offered in Conventional mode along with no. of batch passed out (For Dual Mode HEIs)** | III.<br>**Equivalence to Conventional mode (For Dual Mode HEIs)** | IV.<br>**Faculty** | V.<br>**PPR & SLM** | VI.<br>**Assessment** | VII.<br>**Regulatory Authority (RA) Approval; if applicable** | **VIII.**<br>**Proposed Intake** | **Complied (C) / Not Complied (NC)** |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. BACHELOR OF EDUCATION (02 years) | 80 | Yes (18) | Yes | Yes | Yes | Yes | Yes | NA | Complied |
| 2. BACHELOR OF ARTS (HONS) (WITH DUAL MAJOR) (04 years) | 160 | Yes (08) | Yes | Yes | Yes | Yes | NA | NA | Complied |
| 3. BACHELOR OF COMMERCE (HONS) (ACCOUNTING & FINANCE) (04 years) | 160 | Yes (08) | Yes | Yes | Yes | Yes | Yes | NA | Complied |
| 4. MASTER OF BUSINESS ADMINISTRATION (FINANCE AND MARKETING) (02 years) | 106 | Yes (18) | Yes | Yes | Yes | Yes | NA | **1000** | Complied |

**Note:** Checklist of Assessment points –I (1AP), II (4APs), III (5APs), IV (3APs), V (7APs), VI (1AP) and VII (2AP) are given below the table.

**2.2 Proposed Science based Programme**

| | |
|---|---|
| **HEI eligible for offering science programme(s)**<br>**(Eligibility: NAAC score of 3.26 and above or by the Open universities or by the HEI having rank in top-100 in University category of NIRF, at least twice in three preceding cycles)** | **Yes**<br>**NAAC Score: 3.36** |

| Assessment Points / Name of Programme(s) with Duration | I. No. of Credits | II. Programme offered in Conventional mode along with no. of batch passed out (For Dual Mode HEIs) | III. Equivalence to Conventional mode (For Dual Mode HEIs) | IV. Faculty | V. PPR & SLM | VI. Assessment | VII. RA Approval; if applicable | VIII. Intake & LSC | Complied (C) / Not Complied (NC) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1.BACHELOR OF SCIENCE (HONS) (WITH DUAL MAJOR) (04 years) | 160 | Yes (08) | Yes | Yes | Yes | Yes | NA | Yes | Complied |

**Note:** Checklist of Assessment points - I(1AP), II(4APs), III (5APs), IV (3APs), V (7APs), VI(1AP), VII(2AP) and VIII(3APs) are given below the table.

**Programme Level Assessment Checklist:**

| | |
|---|---|
| I. **No. of Credits**<br>a. Number of Credits for proposed programme(s) as per UGC Guidelines/Norms/Regulations. | II. **Programme offered in Conventional mode (For Dual Mode HEIs)**<br>a. Programme offered in conventional mode with same nomenclature<br>b. One batch passed out<br>c. Compliance of programme offered not only through affiliated colleges<br>d. For 4-year Bachelor's Degree (Hons.) programme: points a, b and c above shall be applicable to corresponding 3 year Bachelor's Degree programme |
| III. **Equivalence to Conventional mode (For Dual Mode HEIs)**<br>a. Same Entry Level Qualifications<br>b. Same Curriculum<br>c. Same Teaching-Learning Scheme<br>d. Same Pattern of Question Papers for End Semester Examination or Term End Examination<br>e. Same Pass or Fail Criteria | IV. **Faculty**<br>a. Adequate Faculty availability<br>b. Faculty on 'full-time' dedicated basis<br>c. Appropriate designations |
| V. **PPR & SLM**<br>a. PPR approved by HEI Statutory Authorities<br>b. SLM approved by HEI Statutory Authorities<br>c. Format of PPR as per Annexure V<br>d. Minimum 60% contents developed in-house and details of outsourced content (if applicable)<br>e. SLM preparedness<br>f. Plagiarism check report<br>g. For 4-year Bachelor's Degree (Hons.) programme only: PPR mentioning major subjects | VI. **Assessment**<br>a. Minimum 70% summative assessment (term end examination) and Maximum 30% formative assessment |
| VII. **Regulatory Authority Approval; if applicable**<br>a. Specific approval of the programme mentioning the mode of delivery & academic year<br>b. As per 578th Commission decision, Central or State or Private Universities don't require prior approval/recommendation/NOC from AICTE for offering of Undergraduate, Postgraduate and Postgraduate Diploma programmes falling under the discipline of Management, Computer Applications and Travel and Tourism. However, Deemed to be Universities are still required to seek prior approval/recommendation/ NOC of AICTE for offering of such programmes in ODL and/or Online mode. | VIII. **Intake & LSC**<br>a. Intake – max. 3 times the conventional intake<br>b. Programme to be offered from the Head Quarters and/or only from such Learner Support Centres which are offering same programme under conventional mode at least for seven years.<br>c. In case of Open University, intake shall be commensurate with the capacity of the Learner Support Centres (for Open and Distance Learning only) to provide lab facilities to the admitted learners. |

| Sr. No. | Defect/Deficiency | Document submitted (Yes/No) | Relevance of submitted document in respect of deficiency | Complied (C) / Not Complied (NC) | Remarks, if any |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | A copy of the application is displayed on HEI's website | Yes | Yes | Complied | |
| 2. | Appointment letter, Joining Report and qualification details is to be submitted for Director, CDOE. | Yes | Yes | Complied | |
| 3. | Documentary proof regarding proposed programme being offered in conventional mode and number of batches passed out is to be submitted. | Yes | Yes | Complied | |
| 4. | Proposed Bachelor of Science (Hons) (With Dual Major) and Bachelor of Arts (Hons) (With Dual Major) programme(s) are not as per UGC, Specification of Degrees, 2014 and its amendments. | Yes | Yes | Complied | |
| 5. | Documentary proof of Science programme(s) being offered from the Head Quarters and/or only from such Learner Support Centres which are offering same programme(s) under conventional mode at least for seven years. | Yes | Yes | Complied | |
| 6. | Copies of PPRs are not as per UGC (ODL programmes and Online programmes (Regulations, 2020, for all the proposed programmes except B.Ed. programme. | Yes | Yes | Complied | |
| 7. | Approval of statutory bodies for all PPRs is to be submitted. | Yes | Yes | Complied | |
| 8. | Copy of approval of statutory bodies for SLMs of all the proposed programmes is to be submitted (as per duration of the programmes) | Yes | Yes | Complied | |
| 9. | Preparedness of SLM is not as per UGC (ODL programmes and Online programmes (Regulations, 2020.<br>• Details of SLM for both proposed UG & PG programmes are to be submitted | Yes | Yes | Complied | |
| 10. | Plagiarism report for In-house developed SLM is to be submitted. | Yes | Yes | Complied | |
| 11. | HEI needs to submit affidavit for proposed Master of Business Administration (Finance and Marketing) programme in the prescribed format. | Yes | Yes | Complied | |
| 12. | NCTE approval is to be submitted for proposed B.Ed. programme | Yes | Yes | Complied | |
| 13. | Appointment letter and Joining report submitted for faculty of proposed programmes | Yes | Yes | Complied | |
| 14. | Approval of statutory bodies of HEI for offering the 4-year bachelor's degree programme(s) based on NEP recommendations. | Yes | Yes | Complied | |
| 15. | Documentary proof to be submitted regarding maximum student intake for proposed Master of Business Administration programme. | Yes | Yes | Complied | |
| 16. | Documentary evidence is to be submitted regarding number of Batch passed of 3 years Under Graduate programme(s) in conventional/ODL mode | Yes | Yes | Complied | |
| 17. | Copies of PPR mentioning major subjects is to be submitted | Yes | Yes | Complied | |
| 18. | Preparedness of SLM submitted (First two years) for the proposed 4 years UG programmes is to be submitted. | Yes | Yes | Complied | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 19. | Copy of approval of statutory bodies for PPR & SLMs of 4 year UG programme(s) is to be submitted | Yes | Yes | Complied | |
| | All defects/deficiencies complied | | Yes | Complied | |

**Note:-**

**a)** Programme(s) under the ambit of Regulatory Authorities have been considered on the basis of communication/recommendation received separately from respective Regulatory Authority. In case of approval/recommendation received from Regulatory Authority, HEI shall abide the conditions such as number of seats, valid academic year etc. mentioned in the relevant Regulatory Authority letter.

**b)** As per 578th Commission decision, Central or State or Private Universities don't require prior approval/recommendation/NOC from AICTE for offering of Undergraduate, Postgraduate and Postgraduate Diploma programmes falling under the discipline of Management, Computer Applications and Travel and Tourism. However, Deemed to be Universities are still required to seek prior approval/recommendation/ NOC of AICTE for offering of such programmes in ODL and/or Online mode.

**4. Recommendations Summary:**

| Sr. No. | Programme Name | Recommended /Not Recommended | Remarks, if recommended/ Reason(s); if not recommended |
|---|---|---|---|
| 1. | BACHELOR OF EDUCATION (02 years) | **Recommended** | |
| 2. | BACHELOR OF ARTS (HONS) (WITH DUAL MAJOR) (04 years) | **Recommended as BACHELOR OF ARTS (HONS) (4 Years)** | |
| 3. | BACHELOR OF COMMERCE (HONS) (ACCOUNTING & FINANCE) (04 years) | **Recommended as BACHELOR OF COMMERCE (HONS) (4 Years)** | |
| 4. | BACHELOR OF SCIENCE (HONS) (WITH DUAL MAJOR) (04 years) | **Recommended as BACHELOR OF SCIENCE (HONS) (4 Years)** | |
| 5. | MASTER OF BUSINESS ADMINISTRATION (FINANCE AND MARKETING) (02 years) | **Recommended as MASTER OF BUSINESS ADMINISTRATION with an intake of 1000 learners** | |

**5. Overall Remarks, if any:**

**HEI shall offer programmes found recommended in Table 4 above from the academic year 2025-26, academic session beginning July-August, 2025 and onwards.**
**HEI shall offer Master of Business Administration Programme found complied in Table 4 above with an intake of 1000 learners from the academic year 2025-26, academic session beginning July-August, 2025 and onwards.**



राष्ट्रीय मूल्यांकन एवं प्रत्यायन परिषद

विश्वविद्यालय अनुदान आयोग का स्वायत्त संस्थान

NATIONAL ASSESSMENT AND ACCREDITATION COUNCIL

An Autonomous Institution of the University Grants Commission

# Certificate of Accreditation

The Executive Committee of the
National Assessment and Accreditation Council
is pleased to declare
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad, Telangana as
Accredited
with CGPA of 3.36 on four point scale
at A+ grade
valid up to December 19, 2027

Date : December 20, 2022

Director

## 1۔ یونیورسٹی کا تعارف



مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک مرکزی یونیورسٹی ہے جو پارلیمانی قانون کے ذریعے 1998 میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم ہوئی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا صدر دفتر اور مرکزی کیمپس گچی باولی، حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ کیمپس 200 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے افراد کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اردو زبان میں اعلیٰ تعلیمی خدمات فراہم کرنے والے سب سے بڑے ادارے کے طور پر جانی جاتی ہے۔ یونیورسٹی نے 1998 میں فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں سے اپنے سفر کا آغاز کیا اور 2004 میں ریگولر پروگراموں سے اپنی تعلیمی و تحقیقی بنیادوں کو مستحکم کیا۔ یہ یونیورسٹی مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے جو ایک بلند پایہ عالم، دانشور، ادیب، مقرر، مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے تعلیمی نظام کے منصوبہ ساز اور ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے معمار تھے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اس وقت اپنے قائم شدہ شعبوں اور مراکز کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف اصلاحی اقدامات کے ذریعے ان افراد کو تعلیم سے آراستہ کر رہی ہے جو اب تک اس سے محروم تھے۔ اس کے علاوہ ملک کی نوجوان نسل اور اردو داں طبقے کی بڑھتی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی تعلیم، تحقیق، نظم و نسق کے تمام محاذوں پر متعین وژن، مشن اور مقاصد کے ساتھ قابل ذکر پیش رفت کر رہی ہے۔

**وژن**

مشمول پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے بذریعہ اردو اعلیٰ تعلیم تک رسائی کی فراہمی۔

**مشن**

روایتی طرزِ تعلیم اور فاصلاتی طرزِ تعلیم کے ذریعے معاشرے کے سماجی، معاشی اور تعلیمی طور پر پسماندہ طبقات کو بااختیار بنانا تاکہ وہ قومی دھارے میں شامل ہو سکیں نیز ملک کی سماجی اور معاشی ترقی میں اپنا رول ادا کر سکیں۔

**بنیادی مقاصد اور اہداف**

مانو ایکٹ 1996 کی دفعہ 4 (1997 کا نمبر 2) کے مطابق یونیورسٹی کے مقاصد حسب ذیل ہیں:

- اردو زبان کی ترویج و ترقی

- پیشہ ورانہ اور تکنیکی مضامین میں اردو میڈیم کے ذریعہ تعلیم وتربیت کی فراہمی
- روایتی تدریس اور فاصلاتی نظام تعلیم کے توسط سے اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم وتربیت حاصل کرنے کے خواہش مندوں کے لیے رسائی کے وسیع مواقع کی فراہمی
- تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ

مذکورہ بالا مقاصد کو حاصل کنے کے لیے یونیورسٹی درج ذیل کام انجام دینے کی کوشش کرے گی:

- باہمی تعامل اوراختراعی تدریس و اکتساب پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ سماجی رابطہ کے ذریعہ طلبا کو اردو زبان میں تعلیم کا بہترین تجربہ فراہم کرانا
- تعلیمی و تحقیقی نتائج اور رسائی کے اقدامات میں عالمی سطح کی بہترین روایات اور معیار کی پابندی
- قومی و بین الاقوام بازاروں میں اہل افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی مانگ کی تکمیل کے لیے طلبا کی استعداد میں اضافہ کرنا
- مسلسل تعلیم، اسپانسر کردہ تحقیق اور مشاورت کے ذریعہ داخلی آمدنی / وصولیابی میں توسیع واضافہ
- ملکی معیشت کی ترقی میں تعاون کرنے والی اہل افرادی قوت کی تیاری کے ذریعہ لاکھوں غریب افراد کے معیار زندگی کو بہتر بنانا
- وسائل کا مؤثر اور بھرپور استعمال کرنا اور عمل پر مبنی متعین اقدامات کے ذریعہ یونیورسٹی کو ایک اسمارٹ، ڈیجیٹل اور صاف ستھرے کیمپس میں تبدیل کرنا۔

**یونیورسٹی کے اسکولز اور شعبہ جات**

اپنے وژن اور مشن کی تکمیل کے لیے یونیورسٹی نے آٹھ (8) تدریسی اسکولز قائم کیے ہیں، جو مختلف شعبہ جات کے ذریعہ روایتی (ریگولر) نظام میں مختلف تعلیمی پروگرام فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ملک بھر میں یونیورسٹی کے ٹیچر ایجوکیشن کالجز، پولی ٹیکنک ادارے، اور آئی ٹی آئیز (صنعتی تربیتی ادارے) موجود ہیں۔

یونیورسٹی میں اس وقت مختلف شعبہ جات کے ذریعہ ریگولر طرز میں 120 پروگرامز فراہم کئے جارہے ہیں۔ یونیورسٹی پولی ٹیکنکس کے ذریعہ 08 ٹیکنیکل ڈپلوما پروگرامز اور آئی ٹی آئیز کے ذریعہ 08 ووکیشنل (پیشہ ورانہ) پروگرامز بھی فراہم کرتی ہے۔ علاوہ ازیں مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن) کے تحت پوسٹ گریجویٹ، انڈر گریجویٹ، ڈپلومہ، اور سرٹیفکیٹ پروگرامز بھی فراہم کیے جارہے ہیں۔

## 2۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (CDOE) کا تعارف

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) کا مقصد اُن طلبا تک اعلیٰ تعلیم کی رسائی کو وسعت دینا ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر روایتی تعلیمی نظام یعنی یونیورسٹی یا کالج جانے کے متحمل نہیں ہوتے۔ ا۔ فاصلاتی طرزِ تعلیم ہی

ایک ایسا ذریعہ ہے جو تعلیم کو ان کی دہلیز تک پہنچاتا ہے۔ یہ تعلیم سے محروم افراد تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ فاصلاتی طرزِ تعلیم، جسے اوپن اینڈ ڈِسٹنس لرننگ (Open & Distance Learning-ODL) بھی کہا جاتا ہے، اُن افراد، خصوصاً خواتین کے لیے زیادہ مناسب ہے جو گھر پر رہتے ہوئے یا اپنے پیشہ ورانہ کام کو انجام دیتے ہوئے اپنی تعلیمی اہلیت بڑھانا چاہتے ہیں۔

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم، فاصلاتی طرز پر متعدد تعلیمی پروگرامز پیش کرتا ہے اور اس کے تحت ایک وسیع معاوناتی نظام کام کرتا ہے جس میں درج ذیل مراکز شامل ہیں:

- 9 علاقائی مراکز (Regional Centres)
- 6 ذیلی علاقائی مراکز (Sub-Regional Centres)
- 156 لرنرز سپورٹ سینٹرز (LSCs)
- 20 پروگرام سینٹرز (B.Ed. ODL کے لیے)
- 5 خصوصی امتحانی مراکز

یہ تمام مراکز ہر سال ملک بھر کے ہزاروں طلبا کی تعلیمی ضروریات کو ان کے گھروں پر پورا کر رہا ہے۔

اپنے پروگراموں کو علمی اور تکنیکی لحاظ سے مؤثر بنانے کے لیے CDOE درج ذیل شعبہ جات کا تعاون حاصل ہے:

- انسٹرکشنل میڈیا سینٹر (IMC)
- سنٹر فار انفارمیشن ٹیکنالوجی (CIT)
- ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن، ٹرانسلیشن اسٹڈیز، لکسیکو گرافی اینڈ پبلیکیشنز (DTTLP)
- سینٹر فار انٹرنل کوالٹی ایشورنس (CIQA)

مرکز برائے فاصلاتی وآن لائن تعلیم کے اساتذہ IMC کے تکنیکی تعاون سے مختلف کورسز کے لیے آڈیو ویڈیو پروگرام تیار کرتے ہیں۔ یہ سبھی پروگرام MANUU کے یوٹیوب چینل https://www.youtube.com/imcmanuu پر دستیاب ہیں جنہیں کبھی بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ آڈیو ویڈیو تعلیمی پروگرام کا یہ سلسلہ جاری ہے اور مسلسل نئے اسباق تیار کر کے اپلوڈ کیے جا رہے ہیں۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم جلد ہی اپنا ڈیجیٹل ملٹی میڈیا سنٹر (DMMC) بھی شروع کرنے والا ہے۔ طلبا کے لیے خود اکتسابی مواد یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ طلبا ان سبھی سہولتوں سے کہیں بھی کسی بھی وقت استفادہ کرسکتے ہیں۔ مزید بر آں CDOE نے اوڈی ایل پروگرامز کو زیادہ طالب علم مرکوز (learner-centric) اور اعلیٰ معیار کا بنانے کے لیے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح پر چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم (CBCS) اپنایا ہے، جو UGC-DEB ضوابط کے مطابق ریگولر پروگراموں سے ہم آہنگ ہے۔ رواں سال سے 4 YUG پروگرامز بھی ODL طرز میں متعارف کرائے گئے ہیں۔ اپنے تمام علمی و انتظامی امور میں CDOE انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی (ICT) کا بھرپور استعمال کرتا ہے۔ تمام داخلے مکمل طور پر آن لائن ہوتے ہیں، اور طلبا کو کورس رجسٹریشن، SLM کی ترسیل، اور اسائنمنٹ سے متعلقہ سرگرمیوں کی معلومات SMS کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہیں۔




**ویژن**

اوپن اور فاصلاتی طرز میں (ODL) بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ایک ایسے مرکز کی حیثیت حاصل کرنا جو فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کے وسیلے سے اردو بولنے والے لوگوں کو بااقتدار بنانے میں فعال کردار ادا کرے۔

**مشن**

- اوپن وڈسٹنس لرننگ (ODL) کے ذریعہ اردو بولنے والی آبادی کے لئے خصوصاً نارسیدہ عوام تک رسائی کی غرض سے تعلیمی اور تربیتی پروگراموں میں رسائی کا اضافہ کرنا۔
- ODL کے وسیلے سے خواتین کی تعلیم وتربیت کو مرکزیت فراہم کرنا۔
- پیشہ وارانہ تعلیم اور تربیت کے سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے اور تاعمر حصول تعلیم کے مواقع اوران مواقعوں تک وسیع تر رسائی فراہم کرنا
- اکتساب (سیکھنے) کے عمل کو ثروت مند بنانے کے لیے ODL کے استعمال کی استعداد پیدا کرنا۔
- ODL کے شعبے میں تحقیقی مطالعات منعقد کرنا تاکہ اس نظام کو ترقی حاصل ہو۔

**مقاصد**

- ODL کے توسط سے روزگار کے مواقع پیدا کرنا۔
- اکتساب (سیکھنے) میں لچک داری پیدا کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ کوشش کرنا۔
- ہدفی جماعت (گروپ) کے لیے معیاری اعلیٰ تعلیم کو یقینی بنانا۔

- شخصی اور آن لائن مشاورتی رابطہ کلاسوں کو امتزاجی اکتساب (سیکھنے) کے قابل بنانا۔
- اعلیٰ تعلیم میں بڑے پیمانے پر افقی اور عمودی حرکت پذیری میں سہولت پیدا کرنا۔
- غیر روایتی اردو طلبا کو رسمی تعلیمی نظام سے جوڑنا۔
- مجموعی داخلہ تناسب (GER) میں بازار کی ضرورت، خلا اور رجحانات کے علاوہ سماجی مطالبات کی اساس پر اضافہ کرنا۔
- قومی تعلیمی پالیسی (2020NEP) جیسے اہم تعلیمی اقدامات کو نافذ کرنا۔

## 3۔ ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے)

### 3.1 تعارف

سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ تعلیمی سال 26-2025 (جولائی سیشن) سے اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) طرز کے تحت ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن (MBA) پروگرام کا آغاز کر رہی ہے۔
یونیورسٹی 2004 سے ہیڈ کوارٹر میں اسکول آف کامرس اینڈ بزنس مینجمنٹ کے تحت روایتی طرز میں MBA پروگرام کامیابی سے چلا رہی ہے۔ اب پہلی مرتبہ یہ پروگرام فاصلاتی تعلیم کے ذریعہ پیش کیا جا رہا ہے، جو اردو بولنے والے طلبا کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم کے مواقع کو وسعت دینے کی ایک انقلابی پہل ہے۔
طلبا کو یہ پروگرام ایسے پیشہ ور افراد، فارغ التحصیل طلبا، اور کاروبار پیشہ حضرات کے لیے تیار کیا گیا ہے جو اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو جاری رکھنا چاہتے ہیں لیکن روایتی کلاسوں میں شرکت کرنے سے قاصر ہیں۔ اس کا مقصد طلبا کو بنیادی کاروباری علم، قیادت کی صلاحیتیں، تجزیاتی مہارتیں اور اخلاقی بنیاد فراہم کرنا ہے تاکہ وہ موجودہ متحرک کاروباری ماحول میں کامیابی حاصل کر سکیں۔
یہ پروگرام یونیورسٹی گرانٹس کمیشن-ڈسٹنس ایجوکیشن بیورو (UGC-DEB) سے باقاعدہ منظور شدہ ہے، جس سے اس کی علمی ساکھ اور تعلیمی معیار کی ضمانت ملتی ہے۔

### 3.2 پروگرام کے مقاصد

پروگرام کا مقصد طلبا کو جامع علمی معلومات اور عملی صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ آج کے متحرک اور چیلنجنگ کاروباری ماحول میں کامیابی حاصل کر سکیں۔ اس پروگرام کے اہم مقاصد درج ذیل ہیں:

- مینجمنٹ کے بنیادی شعبہ جات جیسے مارکیٹنگ، فنانس، ہیومن ریسورس مینجمنٹ اور آپریشنز میں مضبوط بنیاد فراہم کرنا۔
- قیادت، حکمتِ عملی سے سوچنے، اور موثر فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دینا۔
- کاروباری مواصلات، ڈیٹا کا تجزیہ، اور مسئلہ حل کرنے کی تکنیکوں میں مہارت کو بڑھانا۔
- کاروباری ذہنیت کو فروغ دینا اور تخلیقی سوچ اور جدت کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- اخلاقی، ذمہ دار اور پائیدار کاروباری رویّوں کو فروغ دینا، جو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ ہوں۔

- طلبا کو نجی شعبہ، عوامی ادارے، غیر منافع بخش تنظیموں، اور کاروباری منصوبوں میں مختلف پیشہ ورانہ کرداروں کے لیے تیار کرنا۔

### 3.3 یو جی سی–ڈی ای بی (DEB-UGC) سے منظوری

فاصلاتی طرز کے MB پروگرام کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن–ڈسٹنس ایجوکیشن بیورو کی جانب سے مورخہ 18 جولائی 2025 کے مراسلہ کے تحت باقاعدہ منظوری حاصل ہے۔

یہ منظوری پروگرام کی تعلیمی ساکھ، معیار، اور قانونی حیثیت کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔

### 3.4 پروگرام کا دورانیہ

- کم از کم دورانیہ: 2 سال (4 سمسٹرز)
- زیادہ سے زیادہ دورانیہ: 4 سال

طلبا کو ڈگری کے حصول کے لیے تمام تعلیمی تقاضے زیادہ سے زیادہ دورانیہ کے اندر مکمل کرنا ضروری ہے۔

### 3.5 ذریعۂ تعلیم

ایم بی اے (او ڈی ایل) پروگرام کا ذریعۂ تعلیم، درسی مواد اور امتحانات کی زبان اردو ہوگی۔ تاہم جہاں ضرورت ہو، طلبا اضافی مطالعہ کے لیے انگریزی زبان کے مواد سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔

### 3.6 سمسٹر نظام

MBA پروگرام سمسٹر پر مبنی ڈھانچے پر عمل کرتا ہے جس میں ہر تعلیمی سال میں دو سمسٹرز شامل ہوں گے۔

### 3.7 اہلیت

ایم بی اے (ODL) پروگرام میں داخلہ کے لیے امیدوار کو درج ذیل شرائط پوری کرنا ضروری ہے:

1. شہریت و رہائش: امیدوار کا ہندوستانی شہری اور رہائشی ہونا لازمی ہے۔
2. زبان کی شرط: امیدوار نے اردو کو کسی بھی سطح (10ویں، 12ویں یا گریجویشن) پر بطور مضمون یا ذریعۂ تعلیم پڑھا ہو۔
   متبادل طور پر ایسے امیدوار بھی اہل ہیں جنہوں نے MANUU سے منظور شدہ کسی مدرسہ سے تعلیم کو مکمل کی ہو۔
3. تعلیمی اہلیت: کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے کم از کم تین سالہ بیچلر ڈگری حاصل کی ہو اور اس میں کم از کم 50 فیصد مجموعی نمبرات حاصل کیے ہوں۔

**نوٹ:** درج فہرست طبقات جیسے SC/ST/OBC/PWD کے امیدواروں کے لیے داخلہ معیار میں حکومتِ ہند کے قوانین کے مطابق رعایت دی جائے گی۔

### 3.8 نشستوں کی تعداد

ایم بی اے (ODL) پروگرام میں داخلہ کے لیے کل 1000 نشستیں مختص کی گئی ہیں، جو تعلیمی سال 2025–26 سے دستیاب ہوں گی۔
نشستوں کا الاٹمنٹ داخلہ امتحان میں میرٹ اور حکومتِ ہند کے ریزرویشن اصولوں کے مطابق کیا جائے گا۔

## 3.9 پروگرام کی فیس

ایم بی اے(ODL)دوسالہ پروگرام کے لیے فیس (ہندوستانی روپیوں میں) درج ذیل ہے:

| پروگرام کا نام | داخلہ فیس | پروگرام فیس برائے ایس سی/ایس ٹی/پی ڈبلیوڈی طلبا | پروگرام فیس برائے عمومی طلبا | امتحان فیس | ڈیولپمنٹ فیس / کارپس فنڈ | مقالہ/پروجیکٹ فیس | جملہ فیس برائے ایس سی/ایس ٹی/پی ڈبلیو ڈی طلبا | جملہ فیس برائے عمومی طلبا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایم بی اے سال اول | 1000 | 6600 | 11000 | 2000 | 1000 | —--- | 10600 | 15000 |
| ایم بی اے سال دوم | —--- | 6600 | 11000 | 2000 | 1000 | 2000 | 11600 | 16000 |
| دوسالہ مدت کی مجموعی فیس | | | | | | | 22200 | 31000 |

نوٹ: تعلیمی سال کے آغاز میں پوری سالانہ فیس ایک ساتھ جمع کرنا لازمی ہے۔ قسطوں میں یا جزوی ادائیگی کی اجازت نہیں ہے۔

## 3.10 فیس میں ترمیم

یونیورسٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ فیس میں دورانِ پروگرام کسی بھی وقت ترمیم کر سکتی ہے۔ تمام اندراج شدہ طلبا کو یونیورسٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ نئے قواعد وضوابط اور فیصلوں کی پابندی کرنی ہوگی۔

## 3.11 فیس کی واپسی کی پالیسی

اگر کوئی طالب علم اپنا داخلہ منسوخ کروانا چاہے، تو فیس کی واپسی UGC کی ہدایات کے مطابق صرف سمرتھ پورٹل کے ذریعہ کی جائے گی۔ فیس کی واپسی کا طریقۂ کار درج ذیل ہوگا:

| فیس واپسی کی مجموعی فیصد | یوجی سی ریگولیشنس کے مطابق یونیورسٹی کو داخلے کی منسوخی کے لیے دی گئی نوٹس کا وقت |
|---|---|
| 100٪ | داخلہ کی آخری تاریخ سے 15 یا اس سے زائد دنوں سے پہلے |
| 90٪ | داخلہ کی باقاعدہ آخری تاریخ سے پہلے 15 دنوں سے کم |
| 80٪ | داخلہ کی باقاعدہ آخری تاریخ کے 15 دن کے بعد یا اس سے کم |
| 50٪ | داخلہ کی باقاعدہ آخری تاریخ سے 30 دن یا اس سے کم، لیکن 15 دنوں سے زیادہ |
| 0٪ | داخلہ کی باقاعدہ آخری تاریخ کے بعد 30 دنوں سے زیادہ |

## 3.12 داخلہ کی منسوخی

ایم بی اے(ODL) پروگرام میں کسی طالب علم کا داخلہ درج ذیل صورتوں میں فیس کی واپسی کے بغیر منسوخ کر دیا جائے گا:

- اہلیت کی غلط دعوہ داری کی بناپر
- نامکمل دستاویزات جمع کرنے پر
- غلط / جعلی دستاویزات جمع کرنے پر
- نظم وضبط کی بنیاد پر
- دیگر وجوہات، یونیورسٹی کے اختیار پر

## 3.13 تدریسی نظام

ایم بی اے (ODL) پروگرام طلبا مرکوز (learner-centric) تدریسی نظام پر مبنی ہے، جو لچکدار، قابلِ رسائی اور مددگار تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے۔ اس نظام میں خود مطالعہ اور رہنمائی پر مبنی اجزاء شامل ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1. مطبوعہ خود اکتسابی مواد (Self-Learning Material - SLM): تمام اندراج شدہ طلبا کو جامع اور نصاب سے ہم آہنگ مطبوعہ SLM فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ خود اس کا مطالعہ کر سکیں۔ یہ مواد رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعہ طلبا کے داخلہ کے وقت فراہم کردہ پتے پر بھیجے جائیں گے۔ یونیورسٹی تمام مواد بروقت روانہ کرنے کی کوشش کرتی ہے، تاہم ڈاک سے متعلق کسی تاخیر، نقصان یا غلطی کی ذمہ داری یونیورسٹی پر نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں e-SLM بھی یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا، جسے طلبا بوقتِ ضرورت ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
2. آڈیو اور ویژوئل اسباق (Audio and Visual Lessons): سمعی وبصری اسباق مضمون کی تفہیم میں اضافے کے لیے اضافی مواد ہیں۔ انہیں پروگرام سینٹرس پر مشاورتی کلاسوں اور ورک شاپ کے دوران میں استعمال کیا جائے گا۔ یہ اسباق طلبا کی سہولت کے لیے MANUU کے یوٹیوب چینل https://www.youtube.com/imcmanuu پر کسی بھی وقت دستیاب ہیں۔
3. تفویضات (Assignments): اسائنمنٹس تدریسی نظام کا لازمی جزو ہیں اور انٹرنل اسسمنٹ میں اہمیت رکھتے ہیں۔ طلبا کو مقررہ وقت کے اندر یونیورسٹی کی ہدایات کے مطابق اسائنمنٹس مکمل کرکے اپنے متعلقہ لرنر سپورٹ سینٹر (LSC) کے کوآرڈینیٹر کے نام بذریعہ ڈاک یا بالمشافہ جمع کرنا ضروری ہے۔ (پتہ کے لیے سیکشن 4.8 ملاحظہ کریں)
4. مشاورتی کلاسز (Academic Counselling): مشاورتی کلاسز اور ورکشاپ سیشن متعلقہ پروگرام سینٹرس پر مقررہ وقت کے دوران میں تعلیمی کیلنڈر کے مطابق منعقد کیے جائیں گے، جن کا مقصد طلبا کو درج ذیل امور میں رہنمائی فراہم کرنا ہے:
    - کورس کے مواد اور تصورات کی وضاحت
    - پراجیکٹ یا فیلڈ ورک کی رہنمائی
    - تفویضات سے متعلق مشورہ
    - ٹائم مینجمنٹ اور مطالعے کی حکمت عملی
    - امتحان کی تیاری اور سوالات کا جائزہ

## 3.14 تعین قدر

ایم بی اے (ODL) پروگرام کے لیے تعین قدر نظام اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ طلبا کی کارکردگی کا جائزہ مسلسل داخلی اسسمنٹ (Internal Assessment) اور سمسٹر امتحانات (Term-End Examinations) کے امتزاج سے لیا جائے گا۔ اس سے ایک متوازن اور ہمہ جہت تعلیمی تعین قدر ممکن ہوتا ہے۔

- انٹرنل اسسمنٹ (30٪): ہر کورس میں تفویضات لازمی ہیں، جو کل نمبرات کا 30 فیصد حصہ ہوتے ہیں۔ تفویضات کو بروقت جمع کرنا اختتامی امتحانات میں شرکت کے لیے لازمی شرط ہے۔
- اختتامی امتحان – (70٪): سمسٹر کے اختتام پر منعقد ہونے والے امتحانات کا حصہ 70 فیصد ہوگا۔ یہ امتحانات مقررہ امتحانی مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ شیڈول اور مقام کی تفصیلات یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر وقتاً فوقتاً جاری کی جائیں گی۔
- صرف داخلی اسسمنٹ پر مبنی کورسز: پہلے اور دوسرے سمسٹر میں ایسے دو دو مضامین ہوں گے جن کے لیے صرف 50 نمبرات پر مشتمل انٹرنل اسسمنٹ ہوگا۔ ان مضامین کے لیے سمسٹر کے اختتامی امتحان نہیں ہوں گے۔
- پراجیکٹ ورک / عملی سرگرمی: جہاں ضرورت ہو، مخصوص کورسز میں پراجیکٹ ورک یا عملی سرگرمیاں شامل ہوں گی، جن کی جانچ متعلقہ رہنما اصولوں کے مطابق کی جائے گی اور ان کے نمبرات حتمی گریڈ میں شامل ہوں گے۔

## 3.15 پروگرام کا خاکہ

ایم بی اے (ODL) دو سالہ پوسٹ گریجویٹ ڈگری پروگرام ہے جو چار سمسٹر میں مکمل کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد طلبا کو مینجمنٹ کے بنیادی تصورات، مہارتوں، اور عملی صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں مؤثر قیادت کر سکیں۔ یہ نصاب موجودہ صنعتی و تجارتی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اور فاصلاتی تعلیم کی سہولت کے ساتھ معیاری تدریس فراہم کرتا ہے۔ ذیل میں پہلے دو سمسٹر کی تفصیل دی گئی ہے۔

نوٹ: تیسرے اور چوتھے سمسٹر کی تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔

**Semester - I**

| Sl. No. | Course Code | Course Name (Subject) | Structure Code | Credits per Course | Marks I | Marks E | Total Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | MMBA121CCT | Management Theory | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 2. | MMBA122CCT | Managerial Economics | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 3. | MMBA123CCT | Business Analytics and Statistics | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 4. | MMBA124CCT | Organisational Behaviour | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |

| Semester - I | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5. | MMBA125CCT | Marketing Management | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 6. | MMBA126CCT | Financial Reporting and Analysis | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 7. | PGPA201GET | Introduction to Public Administration | GE | 4 | 30 | 70 | 100 |
| 8. | MMBA121SET | Life Skills | SEC | 2 | 50 | NA | 50 |
| 9. | MMBA121AET | Enterprise Analysis | AEC | 2 | 50 | NA | 50 |
| | | | | **26** | | | **800** |

**Semester - II**

| Sl. No. | Course Code | Course Name (Subject) | Structure Code | Credits per Course | Marks | | Total Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | I | E | |
| 1. | MMBA221CCT | Human Resource Management | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 2. | MMBA222CCT | Business Communication | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 3. | MMBA223CCT | Indian Economy and Business Environment | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 4. | MMBA224CCT | Legal Aspects of Business | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 5. | MMBA225CCT | Financial Management and Planning | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 6. | MMBA226CCT | Business Research Methods | CC | 3 | 30 | 70 | 100 |
| 7. | PGED201GET | Teaching and Learning | GE | 4 | 30 | 70 | 100 |
| 8. | MMBA221SET | Mentoring and Coaching Skills | SEC | 2 | 50 | NA | 50 |
| 9. | MMBA222AET | Industry Analysis | AEC | 2 | 50 | NA | 50 |
| | | | | **26** | | | **800** |

**Legend - Structure Code**

CC: Core Course, GE: Generic Elective, SEC: Skill Enhancement Course, AEC: Ability Enhancement Course, I: Internal Assessment, E: End-Semester Examination, NA: Not Applicable.

## 4۔ داخلہ کا طریقہ کار

ایم بی اے (ODL) پروگرام میں داخلہ یونیورسٹی کی جانب سے منعقدہ داخلہ امتحان میں حاصل شدہ میرٹ کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ درخواست کا مکمل عمل آن لائن ہے۔

**درخواست دینے کے مراحل:**

1. امیدواروں کو یونیورسٹی کے داخلہ پورٹل پر آن لائن درخواست دینا ہوگی: https://manuuadmission.samarth.edu.in
2. فارم جمع کراتے وقت تمام مطلوبہ دستاویزات کو سافٹ کاپی کی شکل میں اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔
3. رجسٹریشن فیس ₹1000 (ناقابل واپسی) صرف آن لائن موڈ میں ادا کی جائے گی۔
(اگر کسی تکنیکی خرابی کی وجہ سے فیس کی ادائیگی دوبار ہو جائے، تو تصدیق کے بعد اضافی رقم واپس کی جا سکتی ہے۔)

### 4.1 داخلہ امتحان

ایم بی اے (ODL) پروگرام میں داخلہ کے لیے منعقد ہونے والا داخلہ امتحان 100 معروضی سوالات (Multiple-Choice) پر مشتمل ہوگا، جو درج ذیل موضوعاتی شعبوں میں مساوی طور پر تقسیم ہوں گے:

- بزنس اور عمومی معلومات: حالاتِ حاضرہ (Current affairs)، کاروباری اور اقتصادی ترقیات (Business and economic developments)، حکومت ہند کے اہم اقدامات (Key government initiatives)، صنعتی رجحانات (industry trends)، مینجمنٹ اور قیادت سے متعلق عالمی مسائل (global issues relevant to management and leadership).
- مقداری استعداد (Quantitative Ability): حساب (Arithmetic)، الجبرا (Algebra)، جیومیٹری، عددی نظام (Number Systems)، سادہ کاری اور تقریب (Simplification & Approximation)، فیصد (Percentages)، تناسب (Ratios)، وقت اور کام، نفع، نقصان اور رعایت، اوسط، وقت، رفتار اور فاصلہ، ڈیٹا کی کفایت (Data Sufficiency)۔
- منطقی استدلال (Logical Reasoning): قیاسی استدلال (Syllogisms)، مماثلتیں (Analogies)، منطقی سلسلے (Logical Sequences)، خونی رشتے اور شجرہ نصب (Blood relations and family tree) سمت شناسی (Direction Sense)، عدد اور حرفی سلسلے، کوڈنگ-ڈیکوڈنگ، تنقیدی استدلال (Critical Reasoning)۔
- ڈیٹا کی تشریح (Data Interpretation): چارٹس، گراف، جدولیں، خاکے (Diagrams)

امتحان کی نوعیت معروضی سوالات ہوگی اور ہر سوال 1 نمبر کا ہوگا۔ امتحان کے لیے کل 100 نمبرات ہوں گے اور اس کا دورانیہ دو گھنٹے کا ہوگا۔ یہ امتحان امیدوار کی مینجمنٹ تعلیم کے لیے موزونیت، بشمول تجزیاتی صلاحیت، منطقی سوچ، اور فیصلہ سازی کی مہارتوں کو جانچنے کے لیے ڈیزائن کیا

گیا ہے۔

امتحان درج ذیل شیڈول کے مطابق منعقد کیا جائے گا:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | داخلہ اعلامیہ کا اجرا | 27 جولائی، 2025 |
| 2. | SAMARTH پورٹل کھلنے کی تاریخ | 28 جولائی، 2025 |
| 2. | آن لائن فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ | 20 اگست، 2025 |
| 3. | ہال ٹکٹ کا اجرا | 22 اگست، 2025 |
| 4. | داخلہ امتحان کی تاریخ | 24 اگست، 2025 |

## 4.2 داخلہ امتحان کے مراکز کی فہرست

داخلہ امتحان درج ذیل امتحانی مراکز پر منعقد کیا جائے گا:

1. شعبۂ تعلیم و تربیت، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد، تلنگانہ
2. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، آسنسول، مغربی بنگال
3. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، اورنگ آباد، مہاراشٹر ا
4. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال، مدھیہ پردیش
5. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بیدر، کرناٹک
6. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، دربھنگہ، بہار
7. مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، سری نگر، جموں و کشمیر
8. ریجنل سینٹر، دہلی
9. مانو کیمپس، وارانسی، (آریہ مہیلا پی جی کالج، چیت گنج، وارانسی) اتر پردیش

نوٹ:

- امیدوار درخواست دیتے وقت اپنی سہولت کے مطابق امتحانی مرکز منتخب کر سکتے ہیں۔
- یونیورسٹی کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ امتحانی مراکز کو بغیر کسی وضاحت کے الاٹ، تبدیل یا منسوخ کر دے۔
- مندرجہ بالا مقامات صرف داخلہ امتحان کے مراکز ہیں۔ پروگرام سینٹرز سے متعلق معلومات کے لیے براہِ کرم سیکشن 4.8 ملاحظہ کریں۔

## 4.3 OMR شیٹ پُر کرنے کا طریقہ

(OMR) Optical Mark Recognition شیٹ ایک خصوصی طور پر تیار کردہ جوابی پرچہ ہوتا ہے، جو معروضی سوالات پر مبنی امتحانات

میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس شیٹ کو کمپیوٹر اسکینر کے ذریعے پڑھا جاتا ہے، اور جوابات اُن بلبلوں (bubbles) کے سیاہ کیے جانے کی بنیاد پر ریکارڈ ہوتے ہیں جو درست اختیارات کے مطابق ہوں۔

ہر سوال کے نیچے چار چھوٹے دائرے (A, B, C, D) ہوتے ہیں، جو جوابی اختیارات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ امیدواروں کو مطلوبہ جواب کے دائرے کو مکمل طور پر کالے یا نیلے بال پوائنٹ پین سے بھرنا ضروری ہے۔ غیر واضح یا جزوی طور پر بھرے گئے یا غیر ضروری نشانات والے بلبلے اسکیننگ میں غلطی پیدا کر سکتے ہیں۔

داخلہ امتحان کے دوران OMR شیٹ پُر کرتے وقت درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

1. اپنے مکمل 10 ہندسوں پر مشتمل ہال ٹکٹ نمبر، نام، پتہ اور دیگر ضروری تفصیلات مقررہ جگہوں پر صاف اور مکمل درج کریں۔
   مثال: ہال ٹکٹ نمبر: 2406035461
2. نگران (Invigilator) سے OMR شیٹ پر دستخط اور تاریخ ضرور درج کروائیں۔
3. صرف کالی یا نیلی بال پوائنٹ پین استعمال کریں۔ پینسل، مارکر یا جیل پین کا استعمال ممنوع ہے۔
4. OMR شیٹ پر کسی قسم کی غیر ضروری لکیر، نشان یا داغ نہ لگائیں، کیونکہ اس سے اسکیننگ متاثر ہو سکتی ہے۔
